© rasailojaraid.com



کا حق حاصل ہے کہ کیا تم نے الیکشن میں مینڈیٹ اس مقصد کے لیے حاصل کیا تھا جس کی ترویج و تشہیر بقول مولانا سمیع الحق "سردار آصف کی بکواس" سے کی جا رہی ہے۔ وزیر اعظم جواب دیں کہ کیا وہ اسلامی جمہوری اتحاد اور اب مسلم لیگ کے پرچم تلے ایسا اسلامی معاشرہ اور ایسا نظام معیشت برپا کرنا چاہتے ہیں جس میں اسلامی عدالتوں اور احکام شریعت پر بھی ہاتھ صاف کیا جا رہا ہے ——— ہم صرف اتنا عرض کریں گے کہ یہ سب انتہائی شرمناک ہے اور ڈوب مرنے کے لیے کافی ہے پاکستان کے تمام مسلمان قرآن و سنت پر یقین رکھتے ہیں اور ربا کی قطعی حرمت کے قائل ہیں۔

ملک کے تمام مسلمان شہریوں کا استحقاق اور مملکت کی نظریاتی اساس کا بہر حال تقاضا یہ ہے کہ قرآن و سنت کے قطعی عقائد و احکام کے ساتھ اس طرح سر عام مذاق کر کے مسلمانوں کو اشتعال میں لانے کا مذموم سلسلہ بند ہو جانا چاہیے اگر حکومت نے اپنے وزیر مال کی یہ مذموم حرکتیں بند نہ کیں اور ان کے اطوار درست نہ کیے تو مسلمان قرآن و سنت کے نصوص اور قطعیات کی اس طرح پامالی برداشت نہیں کر سکیں گے اور وہ حکومت کے خلاف راست اقدام پر مجبور ہوں گے۔ پیغمبر انقلاب صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد جب ان کے سامنے ہو تو انقلاب کی منزل بھی قریب تر نظر آتی ہے۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے کعب بن عجرہ سے فرمایا کہ "اللہ تمہیں سفہاء کی حکومت سے بچائے۔ حضرت کعب نے پوچھا سفہاء کی حکومت کیا ہے؟ ارشاد ہوا کہ میرے بعد ایسے امراء اور حکام ہوں گے جو میری ہدایت پر عمل پیرا نہ ہوں گے اور نہ میرے اسوہ پر چلیں گے پس جن لوگوں نے ان کے جھوٹ کی تائید اور تصدیق کی ان کے ظلم و جور میں ان کا ساتھ دیا ان کا مجھ سے اور میرا ان سے کوئی تعلق نہیں اور نہ وہ حوض کوثر پہ میرے پاس آسکیں گے اور جن لوگوں نے ان کے جھوٹ کی تصدیق کی اور نہ ظلم و جور میں ان کی حمایت کی وہی لوگ میرے ہیں اور میں ان کا ہوں اور وہی حوض کوثر پہ میرے پاس آئیں گے۔

---

افغانستان میں کابل حکومت اور حزب اسلامی کے درمیانی اختلافات نے شدت اختیار کر لی ہے نوبت جنگ تک آپہنچی ہے دارالحکومت میزائلوں کی زد میں ہے مہاجرین کی آمد کا سلسلہ پھر سے شروع ہو گیا ہے کابل طوائف الملوکی کا نقشہ پیش کر رہا ہے چند افراد کی ہوس اقتدار یا محض عاقبت نااندیشی اور عجلت پسندی سے چودہ سالہ جہاد بھی دنیا کے عذر کے لیے استہزاء بن کر رہ گیا ہے۔ (فانا للہ وانا الیہ راجعون)

اگر خدانخواستہ افغانستان میں امریکی یہودی بھارتی اور اسرائیلی سازشیں کامیاب ہو جاتی ہیں اور وہاں اسلامی نظام حکومت کے قیام کی مساعی کو تاراج کر دیا جاتا ہے تو پھر دنیائے انسانیت میں اسلام کی نشاۃ ثانیہ کی تمام جدوجہد، آزادی اور اسلامی انقلاب کی تمام تحریکوں کو آسانی سے دبوچ کر دفن کر دیئے جانے کا کام بھی آسان ہو جائے گا۔
عالم اسلام بالخصوص حکومت پاکستان اور ان تمام مذہبی و دینی جماعتوں کا فرض بنتا ہے کہ وہ آگے بڑھیں،



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فریقین کے سامنے ہاتھ جوڑیں، ان کا ہاتھ پکڑیں متحارب فریقین پر اپنا اخلاقی دباؤ ڈالیں اور ان سے رابطہ کریں تو اس سے ان کے وقار میں اضافہ ہوگا اگر خدانخواستہ افغانستان میں جھگڑا بڑھا تو پاکستان کی سرزمین میں بھی افراتفری اور اضطراب پیدا ہو سکتا ہے مرکز علم دارالعلوم حقانیہ کے مہتمم حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ نے اس سلسلہ میں اپنی مساعی تیز تر کر دی ہیں۔

افغانستان کی تمام تنظیموں میں موجود فضلاء کے ذریعہ عملاً صلح وصفائی، وفود کی ترتیب اور باہمی اعتماد و اتحاد کی فضا قائم کرنے کے لیے بحمد للہ کامیاب پیش رفت ہوئی ہے ذاتی اور جماعتی طور پر حکومت پاکستان سمیت کابل حکومت کے ذمہ داروں، افغان قیادت کے راہنماؤں، سعودی سفیر، رابطہ عالم اسلامی کے جنرل سیکرٹری اور گلبدین حکمت یار سے رابطے، مذاکرات، مشاورت، تبادلہ خیال اور مثبت تجاویز اور ممکنہ لائحہ عمل اور جنگ بندی کی منصوبہ بندی پر بھی بحمد للہ کامیاب پیش رفت جاری ہے۔

خدا کرے کہ پرچہ قارئین تک پہنچے تو افغانستان میں دارالعلوم کے مہتمم سمیت خیر کی تمام قوتیں آگ اور خون کا یہ کھیل ختم کرانے میں کامیاب ہو چکی ہوں۔ اب بھی وقت ہے کہ طالع آزمائی اور آگ اور خون کا راستہ ترک کر دیا جائے اور باہمی تعاون سے ملک کی تعمیر نو، امن وامان کی بحالی اور نفاذ شریعت پر توجہ مرکوز کر دینی چاہیے۔ اگر خدانخواستہ اب بھی ایسا نہ ہوا تو خدا نہ کرے چودہ سالہ جہاد اور بے پناہ قربانیوں کے ثمرات ضائع ہو جائیں اور افغان قوم کی حالت قرآن کے الفاظ میں التی نقضت غزلھا من بعد قوۃ انکاثا۔ اس بڑھیا کی طرح ہو جائے جس نے بڑی محنت سے سوت کاتا اور پھر خود ہی اسے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔

عبدالقیوم حقانی


## گھر بیٹھے عربی سیکھئے

آپ قرآن وحدیث سمجھ کر پڑھنا چاہتے ہوں یا عرب ممالک جا کر معقول مشاہرہ پر ملازمت۔ آپ کو پیارے نبیؐ کی پیاری زبان عربی سیکھنی چاہیئے۔ آئیے ہم آپ کو چھ ماہ کے قلیل عرصہ میں گھر بیٹھے بذریعہ خط وکتابت (یومیہ ۳۰ منٹ میں) مکمل عربی مع گرامر نہایت سہل انداز سے سکھائیں۔ مزید تفصیلات: ۸۰ پیسے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر طلب کریں

پتہ۔ ادارہ فروغ عربی پاکستان۔ سٹلائٹ ٹاؤن، میرپور خاص سندھ




© rasailojaraid.com